12561 ـ ايك شہر ميں ملازمت اور دوسرے ميں رہائش ہونے كى صورت ميں رخصت پر عمل كہاں ہو گا ؟

سوال

ہوائى جہاز كے پائلٹ كى ملازمت اور رہائش سعودى عرب ميں ہے، اور ايك دوسرے ملك ميں اس كا مكان ہے جہاں اس كى بيوى اور بچے رہائش پذير ہيں، وہ وقتا فوقتا ان كے پاس جاتا رہتا ہے وہاں وہ نماز كيسے ادا كرے گا ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

احتياط يہى ہے كہ وہ سفر كى رخصت پر عمل نہ كرے، نہ تو سعودى عرب ميں، اور نہ ہى اپنے ملك ميں، گويا كہ اس كے دو وطن ہيں، تو اس وقت ہم اسے يہى كہينگے كہ آپ رخصت پر عمل نہ كريں، نہ تو ملازمت كى جگہ اور نہ ہى اپنے اہل وعيال كى رہائش والى جگہ.